۱۰۔ مقالہ کی تحقیق کے دوران پایہ تکمیل میں اساتذہ کرام اور اہل علم حضرات سے خصوصی استفادہ کیا گیا ہے۔

۱۱۔ مقالہ کو مستند بنانے کے لیے تمام بنیادی ماخذ سے حتی الامکان مواد اخذ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

۱۲۔ تحقیقی کام کے لیے انٹرنیٹ اور علمی سافٹ ویئرز کا استعمال بھی کیا گیا ہے۔

۱۳۔ مقالے کے آخر میں گفتگو کو سمیٹتے ہوئے نتائج بحث تحریر کیے گئے ہیں اور اس کے بعد مصادر و مراجع درج کیے گئے ہیں۔

مشکلات و مسائل تحقیق:

اللہ تعالیٰ نے انسان کو جن بے مثل نعمتوں سے نوازا ہے۔ ان میں سے ایک عظیم نعمت بصارت بھی ہے، جس کی بدولت سفرِ زندگی نہایت آسان ہو جاتا ہے۔ لیکن میں بچپن سے اس نعمت سے محروم ہوں۔ جس کی وجہ سے مجھے تعلیم حاصل کرنے میں بے شمار دشواریاں پیش آئیں۔ لیکن میں نے اپنی جدوجہد کو جاری رکھا ہوا ہے۔ ایم۔ فل کے موجودہ مقالہ کی تحقیق کی غرض سے مجھے مختلف لائبریریوں میں اکیلے ہی جانا پڑا، جن مراجع و مصادر سے تحقیقی مواد فراہم کرنا تھا، ان کو پڑھوانے اور لکھوانے کے لیے گھر والوں اور کلاس فیلوز پر انحصار کرنا پڑا۔ حاصل شدہ تحقیقی مواد کی کمپوزنگ کے سلسلے میں بھی دقتوں کا سامنا کرنا پڑا۔ خصوصاً وبائی مرض کرونا کے دنوں میں بھی احتیاطی تدابیر اختیار کر کے اپنا کام جاری رکھا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ بصارت کی ضعف کی وجہ سے تحقیق میں جو کمی رہ گئی ہے اس سے درگزر فرمائے۔ اور ممتحنین اور محققین اور اساتذہ و طلبہ میری تقصیرات دے صرف نظر فرمائیں گے۔

خاکہ تحقیق:

میں نے اپنے تحقیقی مقالہ کو درج ذیل ابواب و فصول میں تقسیم کیا ہے۔

باب اول: اسلام میں عورتوں کا مقام و مرتبہ

فصل اول: قرآن مجید کی روشنی میں عورتوں کا مقام و مرتبہ

فصل دوم: احادیث مبارکہ کی روشنی میں عورتوں کا مقام و مرتبہ

فصل سوم: آثار صحابہ اور آئمہ کرام کی آراء میں عورتوں کا مقام و مرتبہ

باب دوم: اسلام میں خواتین کے حقوق و فرائض

فصل اول: قرآن مجید کی روشنی میں عورتوں کے حقوق و فرائض

فصل دوم: احادیث مبارکہ کی روشنی میں عورتوں کے حقوق و فرائض

فصل سوم: صحابہ کرام و آئمہ کرام کے اقوال کی روشنی میں عورتوں کے حقوق و فرائض

باب سوم: اسلام میں خواتین کے حقوق و فرائض پر مبنی معاصر اردو کتب کا اختصاصی جائزہ

فصل اول: خواتین کے حقوق و فرائض پر مبنی معاصر اردو کتب کی جامع فہرست اور مصنفین کا تعارف

فصل دوم: خواتین کے حقوق وفرائض سے متعلق روایتی مسلم فکر کی نمائندہ کتب کا جائزہ

فصل سوم: خواتین کے حقوق وفرائض سے متعلق جدید مسلم فکر کی نمائندہ کتب کا جائزہ

خلاصہ بحث

مصادر ومراجع

پیشِ نظر تحقیقی کام جو دراصل میرے والد محترم عبد السلام اور والدہ بزرگوار نسرین اسلام کی دعاؤں کا ثمر ہے اس کے ساتھ ساتھ میں اپنے نگران مقالہ ڈاکٹر امتیاز احمد صاحب اسسٹنٹ پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور کا خصوصی شکریہ ادا کرتی ہوں جنہوں نے میرے مقالہ کی تکمیل میں ہر ممکن رہنمائی اور مدد فرمائی۔ اس کے علاوہ صدر شعبہ علومِ اسلامیہ جناب ڈاکٹر حافظ محمد نعیم صاحب جنہوں نے وقتاً فوقتاً میری رہنمائی فرمائی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ ان سب کو اچھی صحت اور لمبی عمر عطا کرے۔ (آمین)

رابعہ اسلام